The Daily JANBAZ Karachi

روزنامہ جانباز کراچی

جلد نمبر 25 | منگل 16 شوال المکرم 1446ھ | 15 اپریل 2025ء | صفحات 4 | شمارہ 340



# عوامی خدمت کا عزم مسائل حل کرکے دم لینگے



ٹاؤن چیئرمین بلدیہ عبدالکریم آسکانی اور MPA آصف موسیٰ کا میڈیکل کیمپ کا دورہ، ڈاکٹرز اور عملے نے بریفنگ دی

کراچی (جانباز نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی بلدیہ | ٹاؤن کے چیئرمین عبدالکریم آسکانی، رکن سندھ | بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیے



چیئرمین بلدیہ ٹاؤن عبدالکریم آسکانی، MPA پی ایس 112 آصف موسیٰ، چیئرمین ایجوکیشن کمیٹی حنیف خان سواتی، وائس چیئرمین رحیم شاہ میڈیکل کیمپ کا دورہ کر رہے ہیں

## بقیہ : 8

اسمبلی 112 آصف موسیٰ چیئرمین ایجوکیشن کمیٹی حنیف خان سواتی، وائس چیئرمین رحیم شاہ و دیگر کا حنزئی ویلفیئر آرگنائزیشن اور موسیٰ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کا دورہ عبدالکریم آسکانی اور آصف موسیٰ کا خراج تحسین، حنزئی ویلفیئر آرگنائزیشن اور موسیٰ فاؤنڈیشن کے اشتراک سے یوسی دس میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹاؤن چیئرمین عبدالکریم آسکانی، ایم پی اے پی ایس (112) آصف موسیٰ چیئرمین ایجوکیشن کمیٹی حنیف خان سواتی، وائس چیئرمین رحیم شاہ نے کیمپ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران حنزئی ویلفیئر آرگنائزیشن اور موسیٰ فاؤنڈیشن کی ٹیم کی جانب سے ٹاؤن چیئرمین عبدالکریم آسکانی کو فری میڈیکل کیمپ کے اغراض و مقاصد، اخراجات اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے کیے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ٹاؤن چیئرمین نے کیمپ میں موجود ڈاکٹرز سے ملاقات بھی کی، جہاں ڈاکٹر سلمان نے انہیں مزید تفصیلات سے آگاہ کیا۔ ٹاؤن چیئرمین نے اس قابل قدر اقدام کو سراہتے ہوئے مستقبل میں اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی اس طرح کے فری میڈیکل کیمپ مختلف علاقوں میں منعقد کیے جائیں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ عوام صحت کی بنیادی سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔ کیمپ میں مختلف امراض کی مفت تشخیص، ٹیسٹ اور ادویات کی فراہمی کا اہتمام کیا گیا، جس سے بڑی تعداد میں عوام مستفید ہوئے۔